© rasailojaraid.com

موضوع پر ارشادات کا خوبصورت انتخاب بھی شامل کر دیا ہے۔

علاوہ ازیں کتاب میں دینی مدارس کے قیام کے تاریخی پس منظر میں، نصاب اور طرزِ تعلیم کا سرسری جائزہ لیا گیا ہے۔ اپنے موضوع کے لحاظ سے کتاب قابلِ مطالعہ ہے

**مغرب اور عالمِ اسلام کی فکری و تہذیبی کشمکش**

مؤلف: مولانا محمد عیسیٰ منصوری صفحات: ۹۶ قیمت: ۵۰ روپے

ناشر: ورلڈ اسلامک فورم لندن ملنے کا پتا: دار الکتاب، کتاب مارکیٹ، غزنی سٹریٹ، اردو بازار۔ لاہور

مغرب سے درآمد کئے جانے والے جدید نظریات بمعہ اپنے جدید سائنٹفک اسلوب کی بدولت لوگوں کو مرغوب کر دیتے ہیں۔ اسلامی تصورات کو غلط معنی و مفہوم میں پیش کرتے ہیں۔ علماء کرام کو چاہیے کہ وہ یورپ کی ذہنی و فکری تاریخ اور ان کے جدید افکار و نظریات کا بغور مطالعہ کریں جن کی پشت پر یورپی یونین کی سیاسی و عسکری قوت کام کر رہی ہے اور پھر اس کے ساتھ ساتھ انسان کی خواہشات کو تسکین دینے والے عوامل بھی اس میں شامل ہیں۔ ہمارے دور میں اس موضوع پر بہت کم تحریر کیا گیا ہے۔ فرانس کے مشہور مفکر رینے گینون جن کا اسلامی نام عبدالواحد یحییٰ ہے، نے اس عنوان پر پچیس سے زیادہ کتابیں تحریر کیں۔ بعد ازاں پاکستان کے معروف دانشور جناب حسن عسکری نے شیخ عبدالواحد کی کتابوں کا خلاصہ، اپنے مجموعہ میں نہایت سادہ زبان میں پیش کر دیا۔ جناب عبدالواحد کا مؤقف ہے کہ جدید تہذیب کی بنیاد ملحدانہ اور ابلیسی ہے۔ بلکہ مغرب کی جدید تہذیب، مذہب سے بغاوت کا دوسرا نام ہے جس کی طرف ہمارا جدید پڑھا لکھا طبقہ بگٹٹ ہو رہا ہے۔ مولانا محمد عیسیٰ منصوری اس دور کے صاحب فکر و نظر علماء میں سے ہیں، جو مغربی اقوام کے ساتھ، مسلمانوں کی فکری اور تہذیبی کشمکش پر گہری نظر رکھتے ہیں۔ انہوں نے زیرِ نظر کتاب میں، مسلمان علماء اور اہلِ دانش کو ان کی صحیح ذمہ داریوں کی طرف توجہ دلائی ہے۔ امید ہے یہ کتابچہ علمی حلقوں میں قبولِ عام کا درجہ پائے گا۔

**عشقِ رسول ﷺ کے ایمان افروز واقعات**

مرتب: عماد الدین محمود ضخامت: ۱۶۶ صفحات قیمت: ۶۶ روپے

ناشر: القاسم اکیڈمی جامعہ ابوہریرہ، برانچ پوسٹ آفس خالق آباد ضلع نوشہرہ۔ سرحد

مولانا عماد الدین نے تاریخ کے اُن نفوسِ قدسیہ کے تذکار کو محفوظ کر دیا ہے، جنہوں نے عشقِ رسول ﷺ میں اپنی جانیں کھپا دی۔ ہر مسلمان اپنے آقا و مولا ﷺ کی عزت پر کٹ مرنے کو اپنی زندگی کی معراج تصور کرتا ہے۔ اس کتاب میں ایسے ہی عشاقِ رسول ﷺ کا ذکر ہے، جنہوں نے بھوک اور پیاس کو برداشت کیا، جیلیں آباد کیں، پیروں اور ہاتھوں میں زنجیریں پہنیں، کوڑے کھائے، پھانسی کو لبیک کہا مگر رسول پاک ﷺ کی عزت و حرمت پر آنچ نہ آنے دی۔



© rasailojaraid.com